نئے رسائل و اخبارات

ندائے حرم۔ مدیر مسئول مولوی ضیاء الدین احمد صاحب تقطیع ۲۰×۲۶/۸ ضخامت ۴۰ صفحات طباعت کتابت بہتر سالانہ چندہ تین روپیہ پتہ:۔ صدر دفتر مدرسہ صولتیہ (مکہ معظمہ) قرول باغ نئی دہلی۔

تقریباً پون صدی کی طویل مدت میں مدرسہ صولتیہ نے مرکز اسلام حجاز کی خصوصاً اور اس واسطہ سے تمام مسلمانوں کی عموماً جو دینی خدمات انجام دی ہیں وہ کسی باخبر سے پوشیدہ نہیں ہیں۔ تمام حجاز میں صرف یہی ایک بڑی درسگاہ ہو جس کی وجہ سے وہاں علم دین کا چرچا ہے اور حجاز کے بچے جید عالم ہو کر مسلمانوں کی علمی و تعلیمی خدمات انجام دے رہے ہیں تقریباً دو سال سے اس مدرسہ کا صدر دفتر قرول باغ دہلی میں قائم ہے اور مقصد یہ ہے کہ ہندوستان کے مسلمانوں کو اُن کی اس محبوب درسگاہ کے حالات و واقعات سے باخبر رکھا جائے اور اُن کو مدرسہ کی امداد و اعانت کے اُس فرض کی طرف متوجہ کیا جائے جس میں مختلف سیاسی وغیر سیاسی مشغولیتوں کی وجہ سے اب ذرا کمی واقع ہوگئی ہے۔ مدرسہ یوں بھی کچھ کم لائق توجہ اور قابل اعانت نہیں۔ پھر اُس کے روشن خیال جنرل مہتمم مولانا محمد سلیم صاحب اور اُن کے رفقار اس کو حجاز کی ایک بڑی یونیورسٹی بنانا چاہتے ہیں اور اس مقصد کے لئے سرگرم کوششوں میں مصروف ہیں۔ اس بنا پر مدرسہ کی اہمیت اور وقعت و ضرورت اور بھی بڑھ جاتی ہے جس کے لئے ہر مسلمان کو بہ قدر استطاعت امداد کرنی چاہئے۔

"ندائے حرم" اس دفتر کی جانب سے حال میں شائع ہونا شروع ہوا ہے۔ اس میں مدرسہ صولتیہ کے حالات و واقعات محسنین و معاونین کے ذکر خیر کے علاوہ متعدد دلچسپ اور مفید اسلامی و تبلیغی مضامین ہوتے ہیں۔ ہم مسلمانوں سے پُر زور اپیل کرتے ہیں کہ وہ ندائے حرم پر لبیک کہہ کر اپنی پختہ اعتقادی اور اسلام دوستی کا ثبوت دیں اور کارکنان مدرسہ کو اس بات کا موقع دیں کہ وہ اپنے مقاصد حسنہ میں خاطر خواہ کامیابی حاصل کرسکیں۔

ادیب۔ مرتبہ سید محمد ارتضیٰ صاحب واحدی و مسٹر فصیح الدین احمد ایم۔ اے۔ تقطیع ۲۰×۲۶/۱۶ ضخامت ۶۴ صفحات طباعت وکتابت بہتر قیمت سالانہ چار روپیہ۔ پتہ:۔ دفتر کوچہ چیلان دہلی۔